روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 4مارچ 2009ء 6ربیع الاول 1430ہجری 4امان 1388ہش جلد 59-94 نمبر 50

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حدیثوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ دراصل دجّال شیطان کا نام ہے پھر جس گروہ سے شیطان اپنا کام لے گا اس گروہ کا نام بھی استعارہ کے طور پر دجّال رکھا گیا کیونکہ وہ اس کے اعضاء کی طرح ہے۔ قرآن شریف میں جو یہ آیت ہے لخلق السمٰوٰت والارض .... یعنی انسانوں کی صنعتوں سے خدا کی صنعتیں بہت بڑی ہیں۔ یہ اشارہ ان لوگوں کی طرف ہے جن کی نسبت لکھا گیا تھا کہ وہ آخری زمانہ میں بڑی بڑی صنعتیں ایجاد کریں گے اور خدائی کاموں میں ہاتھ ڈالیں گے اور مفسرین نے لکھا ہے کہ اس جگہ انسانوں سے مراد دجال ہے اور یہ قول دلیل اس بات پر ہے کہ دجال معہود ایک شخص نہیں ہے ورنہ ناس کا نام اس پر اطلاق نہ پاتا اور اس میں کیا شک ہے کہ ناس کا لفظ صرف گروہ پر بولا جاتا ہے۔ سو جو گروہ شیطان کے وساوس کے نیچے چلتا ہے۔ وہ دجال کے نام سے موسوم ہوتا ہے۔ اسی کی طرف قرآن شریف کی اس ترتیب کا اشارہ ہے کہ وہ الحمدللہ .... سے شروع کیا گیا اور اس آیت پر ختم کیا گیا ہے.......... من الجنة والناس۔ پس لفظ ناس سے مراد اس جگہ بھی دجال ہے۔ ماحصل اس سورۃ کا یہ ہے کہ تم دجال کے فتنہ سے خدا تعالیٰ کی پناہ پکڑو۔ اس سورۃ سے پہلے سورۃ اخلاص ہے.......... بعد اس کے سورۃ فلق ہے جو ایک تاریک زمانہ اور عورتوں کی مکاری کی خبر دے رہی ہے اور پھر آخر ایسے گروہ سے پناہ مانگنے کا حکم ہے جو شیطان کے زیر سایہ چلتا ہے اس ترتیب سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ یہ وہی گروہ ہے جس کو دوسرے لفظوں میں شیطان کہا ہے اور اخیر میں اس گروہ کے ذکر سے اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ آخری زمانہ میں اس گروہ کا غلبہ ہوگا جن کے ساتھ نفاثات فی العقد ہوں گی۔ یعنی ایسی.......... عورتیں جو گھروں میں پھر کر کوشش کریں گی کہ عورتوں کو خاوندوں سے علیحدہ کریں اور عقد نکاح کو توڑیں۔ خوب یاد رکھنا چاہئے کہ یہ تینوں سورتیں قرآن شریف کی دجالی زمانہ کی خبر دے رہی ہیں اور حکم ہے کہ اس زمانہ سے خدا کی پناہ مانگو تا اس شر سے محفوظ رہو۔ یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ وہ شرور صرف آسمانی انوار اور برکات سے دور ہوں گے جن کو آسمانی مسیح اپنے ساتھ لائے گا۔

(ایام الصلح۔ روحانی خزائن جلد 14 ص 296)

فتنہ دجال کی شدت

حضرت عمران بن حصینؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔
آدم کی پیدائش سے لے کر قیامت تک کوئی فتنہ دجال کے فتنہ سے بڑھ کر نہیں۔

(صحیح مسلم کتاب الفتن باب بقية احاديث الدجال حدیث نمبر 5239)

آنحضرت ﷺ نے دجال پر خطبہ دیا اور فرمایا:
کوئی نبی ایسا نہیں گزرا جس نے اپنی امت کو دجال سے خبردار نہ کیا ہو۔

(صحیح بخاری کتاب الفتن باب ذکر الدجال حدیث نمبر 6591)

فروغ علم، ہماری قومی ذمہ داری

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ عیدالفطر فرمودہ 13راکتوبر 2007ء میں فرمایا کہ:۔ اگر طلباء اور ان کے والدین بچوں کے امتحان میں پاس ہونے پر کچھ شکرانے کے طور پر اس مد (طلباء کی امداد) میں دیں تو کئی غریب ضرورت مندوں کا بھلا ہوسکتا ہے...... یہ احساس بچوں کے اندر پیدا کرنا چاہئے کہ غریبوں کی ضرورتیں پوری کریں۔

(خلفاء احمدیت کی تحریکات صفحہ 517)

احمدی طلباء کی امداد کے لئے نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ میں شعبہ ''امداد طلبہ'' قائم ہے اس شعبہ کے تحت سینکڑوں طلباء کی ٹیوشن فیس، یونیفارم، درسی کتب، کاپیاں کمپیوٹر فیس اور مقابلہ جات کی اشاعت میں حسب گنجائش مالی معاونت کی جاتی ہے۔ پاکستان میں فی طالب علم اوسطاً سالانہ اخراجات کی شرح اس طرح سے ہے۔

حکومتی ادارہ جات

پرائمری رسیکنڈری:۔ 15 صد تا 2 ہزار روپے
کالج لیول:۔ تین ہزار تا 7 ہزار روپے
ایم ایس سی و پیشہ ور ادارہ جات:۔
30 ہزار تا 50 ہزار روپے

پرائیویٹ ادارہ جات

پرائمری رسیکنڈری: 6 ہزار تا 8 ہزار روپے
کالج لیول: 12 ہزار تا 20 ہزار روپے
ایم ایس سی و پیشہ ور ادارہ جات:۔
1 لاکھ تا 3 لاکھ روپے

شعبہ امداد طلبہ کی مساعی

1۔ گزشتہ پانچ سالوں میں 3 ہزار 134 ذہین طلبہ کی تعلیمی ضروریات پوری کرنے کی توفیق ملی۔ 2۔ داخلہ جات کی تعداد جو یکمشت ادا کی جاتی رہی ہیں وہ 656 سالانہ ہے۔ 3۔ یونیفارم، کتب اور بیگ وغیرہ جو لے کر دیئے گئے ان کی تعداد 825 سالانہ ہے۔

آپ اس کار خیر میں حصہ لینے کیلئے اپنے عطیہ جات براہ راست نگران امداد طلبہ نظارت تعلیم یا خزانہ صدر انجمن احمدیہ کی مد امداد طلبہ میں بھجوا سکتے ہیں۔

فون: 047-6212473
Cell:0332-7079462,0321-7707403
Email:ntaleem@gmail.com

(نظارت تعلیم)

نتائج مقابلہ حسن کارکردگی مجلس انصاراللہ پاکستان 2008ء

مقابلہ حسن کارکردگی بین المجالس

سال 2008ء/1387ہش میں زعماء اعلیٰ اور زعماء مجالس مقامی انصاراللہ پاکستان میں کارکردگی کے لحاظ سے علم انعامی کی حقدار اور پہلی دس مجالس کی فہرست حضور انور کی خدمت میں منظوری کیلئے بھجوائی گئی تھی۔ مجلس عاملہ کی رائے کو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے منظور فرمالیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان سب مجالس کیلئے یہ اعزاز مبارک فرمائے۔ آمین

1۔ مجلس انصاراللہ ڈیفنس لاہور
اول اور علم انعامی کی حقدار

2۔ مجلس انصاراللہ ربوہ دوم
3۔ مجلس انصاراللہ مغلپورہ لاہور سوم
4۔ مجلس انصاراللہ دارالذکر فیصل آباد چہارم
5۔ مجلس انصاراللہ مارٹن روڈ کراچی پنجم
6۔ مجلس انصاراللہ جوہر ٹاؤن لاہور ششم
7۔ مجلس انصاراللہ محمود آباد کراچی ہفتم
8۔ مجلس انصاراللہ فیصل ٹاؤن لاہور ہشتم
9۔ مجلس انصاراللہ بھاٹی گیٹ لاہور نہم
10۔ مجلس انصاراللہ بیت النور لاہور دہم

اللہ تعالیٰ ان مجالس کے لئے یہ اعزاز مبارک فرمائے اور انہیں احسن رنگ میں خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

مقابلہ حسن کارکردگی بین الاضلاع

سال 2008ء/1387ہش میں ناظمین اضلاع مجالس انصاراللہ پاکستان کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ حسن کارکردگی کے لحاظ سے مجلس عاملہ کی رائے میں مندرجہ ذیل ناظمین اضلاع اسناد خوشنودی کے حقدار قرار پائے ہیں۔ مجلس عاملہ کی رائے کو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے منظور فرمالیا ہے۔

نظامت ضلع لاہور اول اور سند خوشنودی کے حقدار
ناظم ضلع مکرم چوہدری منیر مسعود صاحب
نظامت ضلع کراچی **دوم اور سند خوشنودی کے حقدار**
ناظم ضلع مکرم چوہدری منیر احمد صاحب
نظامت ضلع سیالکوٹ **سوم اور سند خوشنودی کے حقدار**
ناظم ضلع مکرم عبدالحمید گوندل صاحب
نظامت ضلع سانگھڑ چہارم
نظامت ضلع میرپورخاص پنجم
نظامت ضلع ساہیوال ششم
نظامت ضلع بہاولنگر ہفتم
نظامت ضلع لاڑکانہ ہشتم

اللہ تعالیٰ ناظمین کیلئے یہ اعزاز مبارک فرمائے اور انہیں زیادہ سے زیادہ مقبول خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

مقابلہ حسن کارکردگی بین العلاقہ

سال 2008ء/1387ہش میں ناظمین علاقہ جات مجلس انصاراللہ پاکستان کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ حسن کارکردگی کے لحاظ سے مجلس عاملہ کی رائے میں مندرجہ ذیل ناظمین علاقہ جات اسناد خوشنودی کے حقدار قرار پائے ہیں۔ حضور انور کی خدمت میں منظوری کیلئے بھجوائی گئی تھی۔ مجلس عاملہ کی رائے کو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے منظور فرمالیا ہے۔

نظامت علاقہ لاہور۔ اول
ناظم علاقہ مکرم طاہر احمد ملک صاحب
نظامت علاقہ گوجرانوالہ۔ دوم
ناظم علاقہ مکرم منصور احمد رانا صاحب
نظامت علاقہ کراچی۔ سوم
ناظم علاقہ مکرم قریشی محمود احمد صاحب

اللہ تعالیٰ ناظمین کے لئے یہ اعزاز مبارک فرمائے اور انہیں زیادہ سے زیادہ مقبول خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

(صدر مجلس انصاراللہ پاکستان ربوہ)

افضل مال

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ نے جلسہ سالانہ کینیڈا پر مستورات سے خطاب کرتے ہوئے 25جون 2005ء کو فرمایا:۔

سونا چاندی جب ان کو جمع کیا جاتا ہے تو بعض دفعہ ابتلاء میں ڈالنے والی چیزیں ہیں۔ صحابہ نے کہا کہ کونسا مال بہتر ہے جو ہم جمع کریں۔ تو یہ سن کر آپؐ نے فرمایا کہ سب سے افضل (مال) ذکرِ الٰہی کرنے والی زبان ہے اور شکر کرنے والا دل اور مومنہ بیوی ہے جو اس کے دین پر اس کی مددگار ہوتی ہے۔

(جامع ترمذی ابواب تفسیر القرآن سورۃ التوبۃ)

اللہ کرے کہ ہر احمدی عورت مومنہ بیوی اور مومنہ ماں بن کر دین کو دنیا پر مقدم کرنے والی ہو اور آنحضرتؐ نے جس طرح فرمایا ہے اس لحاظ سے بہترین مال ثابت ہو۔ ان عورتوں کی نظر میں دنیاوی مال کی کوئی حیثیت نہ ہو بلکہ ان کو اس بات پر فخر ہو کہ ہمیں آنحضرتؐ نے دین کی خدمت اور اولاد کی بہترین تربیت کی وجہ سے افضل مال قرار دیا ہے، ہمیں اب دنیاوی مالوں سے کوئی غرض نہیں۔ جب یہ سوچ ہوگی تو خدا تعالیٰ اپنی جناب سے اپنے وعدوں کے مطابق آپ کی ضروریات بھی پوری فرمائے گا اور ایسے ایسے راستوں سے آپ کی مدد فرمائے گا جس کا آپ سوچ بھی نہیں سکتیں۔

(روزنامہ الفضل 16اپریل 2007ء)

(مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ)

مکرم ظہور احمد صاحب

میرے والد مکرم بشیر احمد صاحب سیالکوٹی

خاکسار کے والد مکرم بشیر احمد صاحب سیالکوٹی ابن مکرم حبیب اللہ صاحب مرحوم 25فروری 2009 کو 90سال کی عمر میں بقضائے الٰہی وفات پاگئے۔ ابا جان اللہ کے فضل سے موصی تھے۔ آپ کی نماز جنازہ 26فروری 2009ء کو نماز ظہر کے بعد بیت مبارک ربوہ میں محترم حافظ مظفر احمد صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد مقامی نے پڑھائی اور بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد محترم مولانا سلطان محمود انور صاحب ناظر خدمت درویشاں نے دعا کروائی۔

ہمارے خاندان کی یہ خوش بختی ہے کہ 27فروری 2009ء کو جمعہ کے موقعہ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ابا جان اور امی جان کی نماز جنازہ پڑھائی اور ان کا ذکر خیر ان الفاظ میں فرمایا کہ

''.......پھر امۃ الحی صاحبہ ہیں جو بشیر احمد صاحب سیالکوٹی ربوہ کی اہلیہ اور اسی طرح بشیر احمد صاحب سیالکوٹی ہیں ان کی بھی اہلیہ کے چند دنوں کے بعد وفات ہوگئی۔ یہ دونوں ہمارے مربی اور اس وقت پی ایس لندن میں کام کرنے والے ہمارے کارکن ظہور صاحب کے والد اور والدہ ہیں۔ ان کی والدہ 27جنوری کو فوت ہوئی تھیں اور والد 25فروری کو فوت ہوئے۔ دونوں بڑے نیک اور دعا گو بزرگ تھے اور اللہ کے فضل سے ان ابتدائی لوگوں میں شامل تھے جو ربوہ میں آ کے آباد ہوئے اور جنہوں نے یہاں اپنا کاروبار وغیرہ کیا۔ ان کے پیچھے ان کی ایک بیٹی اور پانچ بیٹے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان دونوں کے درجات بلند فرمائے اور ان سے مغفرت کا سلوک فرمائے۔''

ابا جان 19 جولائی 1919ء کو چندر کے منگولے ضلع سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ پانچویں جماعت تک احمدیہ سکول گھٹیالیاں ضلع سیالکوٹ میں تعلیم حاصل کی۔ 1930ء کو ہجرت کر کے قادیان چلے گئے اور مدرسہ احمدیہ میں داخلہ لیا۔ اس کے بعد 1939ء میں جامعہ احمدیہ قادیان سے مولوی فاضل کا امتحان پاس کیا۔ 1941ء میں دفتر بہشتی مقبرہ قادیان میں بطور محرر تقرری ہوئی۔ 42-1941ء میں کچھ عرصہ نظارت دعوت الی اللہ کے تحت دوروں پر بھی جاتے رہے۔ بعدازاں ناظر صاحب اعلیٰ قادیان کے دفتر میں بطور کلرک کام کیا اور 1947ء سے لے کر 1960ء تک دفتر خدمت درویشاں میں حضرت صاحبزادہ میاں بشیر احمد صاحب کے ساتھ خدمت کی توفیق پائی۔ 11جنوری 1960ء کو ہمارے دادا جان کی وفات کے بعد ان کا کپڑے کا کاروبار جو ربوہ میں حبیب کلاتھ ہاؤس کے نام سے تھا، سنبھالا۔

ابا جان نے اپنے محلّہ دارالصدر جنوبی ربوہ میں سیکرٹری مال اور صدر محلّہ کی حیثیت سے مختلف اوقات میں 35سال تک خدمت کی توفیق پائی۔ صدارت کے دوران جو آپ نے سب سے اہم کام کیا اور جس کا آپ اکثر اظہار تشکر کے طور پر ذکر بھی کیا کرتے تھے وہ بیت بلال گولبازار ربوہ کی تعمیر ہے۔ اس بیت کے کام میں کافی رکاوٹیں پیدا ہوتی رہیں مگر آپ مستقل مزاجی کے ساتھ اس نیک کام کیلئے کوشاں رہے یہاں تک کہ 1998ء میں یہ بیت الذکر مکمل ہوگئی۔

آپ کو اسیر راہ مولیٰ ہونے کا شرف بھی حاصل ہے۔ آپ ایک ماہ تک چنیوٹ جیل میں رہے۔ یہ مقدمہ ابھی تک چل رہا ہے۔

آپ نیک دعا گو تقویٰ شعار اور جماعت سے محبت کرنے والے مخلص انسان تھے۔ پنجگانہ نمازوں کے علاوہ نماز تہجد کی ادائیگی بھی بڑے اہتمام سے کیا کرتے تھے۔ قرآن مجید سے آپ کو بے پناہ عشق تھا اور باقاعدگی سے قرآن کریم کی تلاوت کرتے تھے۔

آپ خلافت کے شیدائی تھے۔ غیر معمولی وفا اور پیار کا تعلق خلافت کے لئے ان کے ہر عمل سے نظر آتا تھا۔ آپ نے ہمیشہ خلیفہ وقت سے بہت ہی پیار کا تعلق قائم رکھا اور اپنی اولاد کو بھی اس کی نصیحت کرتے رہے۔

آپ بہت سی خوبیوں اور اعلیٰ صلاحیتوں کے مالک تھے۔ نہایت خوش اخلاق، ملنسار، مہمان نواز، غریب پرور اور خدا تعالیٰ کی رضا پر راضی رہنے والے ہر دلعزیز انسان تھے۔ طبیعت میں دھیما پن اور برداشت کا مادہ بہت زیادہ تھا۔ کسی کی طرف سے مزاج کے خلاف بات سن کر بھی خاموش رہتے یا نرمی سے جواب دیتے اور مومنانہ وقار کا خیال رکھتے تھے۔ کافی عرصہ بستر پر رہے لیکن سارا وقت نہایت صبر شکر سے گزارا۔

پسماندگان میں ایک بیٹی مکرمہ امۃ الکریم صاحبہ اہلیہ مکرم حمید احمد صاحب اٹک اور پانچ بیٹے مکرم لطیف احمد جاوید صاحب ربوہ کلاتھ سٹور، مکرم طاہر احمد صاحب کینیڈا، مکرم ناصر احمد صاحب بشیر جرمنی، مکرم نور احمد صاحب امریکہ اور خاکسار مربی سلسلہ دفتر پرائیویٹ سیکرٹری لندن یادگار چھوڑے ہیں۔

احباب جماعت کی خدمت میں درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ابا جان سے رحمت و بخشش کا سلوک فرمائے۔ درجات بلند کرے اور انہیں جنت الفردوس میں اپنے پیاروں کے قرب میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے خاکسار اور میرے بہن بھائیوں کے لئے بھی دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں والدین کی جدائی کا صدمہ صبر سے برداشت کرنے کی توفیق دے۔ ہم پر اپنی رحمتوں اور فضلوں کا سایہ رکھے اور ان کی دعاؤں سے ہمیں ہمیشہ حصہ عطا فرماتا رہے۔ آمین

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

ایک دعوت الی اللہ کرنے والے کی یہ خصوصیت ہونی چاہئے کہ وہ صالح عمل کرے اور کامل فرمانبرداری کا نمونہ دکھائے

ہر دیکھنے والے کو نظر آئے کہ احمدی نوجوان اپنے دین کے بارہ میں جو کہتا ہے اس پر عمل کر کے بھی دکھاتا ہے

خدام الاحمدیہ کو ایسے پروگرام تشکیل دینے چاہئیں جو نوجوانوں کو تعمیری کاموں میں مصروف رکھیں

ہمیشہ یاد رکھیں کہ نوجوان ہی ہیں جو قوموں کی حفاظت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں

آئندہ ہماری ترقی، خاص طور پر ان مغربی ممالک میں، تعلیمی میدان میں آگے بڑھنے پر منحصر ہے

احمدی طلباء کو چاہئے کہ ریسرچ، سائنس اور ٹیکنالوجی کے میدان میں آگے آئیں

مجلس خدام الاحمدیہ برطانیہ کے 36 ویں سالانہ اجتماع کے موقع پر 5 اکتوبر 2008ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا اختتامی خطاب

رپورٹ مکرم نصیر احمد قمر صاحب

خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے مبارک سال میں مجلس خدام الاحمدیہ برطانیہ کے چھتیسویں سالانہ اجتماع کا اختتامی اجلاس اتوار 5 اکتوبر 2008ء کو اسلام آباد میں ہوا جس میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت شمولیت فرمائی اور مختلف مقابلوں میں امتیاز حاصل کرنے والے خدام و اطفال میں اپنے دست مبارک سے انعامات تقسیم فرمائے اور روح پرور خطاب سے نوازا۔ ذیل میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے اس خطاب کا خلاصہ ہدیۂ قارئین ہے۔

تشہد، تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد حضور ایدہ اللہ نے آیت قرآنی (حٰمٓ السجدہ : 37) کی تلاوت کی۔ حضور انور نے اس کا ترجمہ کرتے ہوئے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اس میں یہ فرماتا ہے کہ بات کہنے میں اس سے بہتر کون ہوسکتا ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف بلائے اور نیک اعمال بجا لائے اور کہے کہ مَیں یقیناً کامل فرمانبرداروں میں سے ہوں۔

حضور نے فرمایا کہ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے دعوت الی اللہ کی طرف توجہ دلائی ہے لیکن ایک دعوت الی اللہ کرنے والے کی یہ خصوصیت ہونی چاہئے کہ وہ صالح عمل کرے اور کامل فرمانبرداری کا نمونہ دکھائے۔ اس میں یہ بتایا کہ عمل صالح ہوگا تو کامل فرمانبرداری ہوگی۔ بغیر عمل کے فرمانبرداری کا دعویٰ کھوکھلا دعویٰ ہے۔ صالح عمل وہ کام ہے جو صحیح بھی ہو، جائز بھی ہو اور موقع کی مناسبت سے بھی ہو۔ جس میں حقوق اللہ اور حقوق العباد کا مکمل خیال رکھا گیا ہو تو ایسا عمل کرنے والا وہ انسان بن جاتا ہے جو صالح عمل کرنے والا انسان کہلاتا ہے۔ اور ایسے عمل کرنے والے جب خدا تعالیٰ کے پیغام کو دوسروں تک پہنچاتے ہیں تو ان کے پیغام کو وقعت دی جاتی ہے اور ان کو دوسرے سنتے بھی ہیں۔

حضور انور نے عمل صالح کی ایک مثال کے طور پر فرمایا کہ اللہ کا حکم ہے کہ نماز پڑھو اور پانچ وقت نمازیں فرض کی گئی ہیں اور وقت مقررہ پر پڑھنی فرض کی گئی ہیں لیکن بعض مواقع پر اس اہم فریضہ سے زیادہ بندوں کے حقوق ادا کرنے کو اہمیت دی گئی ہے۔ مثلاً اگر ایک شخص نماز پڑھ رہا ہے اور اس دوران اس کو کوئی مدد کے لئے پکارے، بعض وقت ایسا موقع آجاتا ہے تو احسن عمل یہ ہے کہ فوری طور پر اس کی مدد کی جائے اور اس کو اس خطرہ سے نکالا جائے اور نماز توڑ دی جائے اور بعد میں نماز کو پورا کرلیا جائے۔ آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں کہ اگر نماز پڑھتے ہوئے کسی بچے کی رونے کی آواز آجائے تو مَیں اس خیال سے کہ اس کی ماں کو تکلیف ہوگی نماز کو مختصر کر دیتا ہوں۔ حضور ایدہ اللہ نے فرمایا کہ اس بات سے جہاں آنحضرت ﷺ کے انسانیت کی ذرا سی تکلیف کے بھی شدید احساس کی کیفیت ظاہر ہوتی ہے وہاں بعض ایسے لوگوں کے خیالات کا ردّ بھی ہو جاتا ہے کہ نماز میں اِدھر اُدھر کی خبر ہی نہیں ہوتی۔ بعض لوگوں نے ایسی کہانیاں بنائی ہوئی ہیں کہ بعض نماز میں اس قدر محو ہوتے ہیں کہ کسی کے پاؤں پر بچھّو نے ڈنک مار لیا اور اس کو پتہ ہی نہیں چلا۔ حضور نے فرمایا کہ بعض اوقات ایسا ہوسکتا ہے لیکن ہر وقت ہر ایک کی یہ حالت نہیں ہوتی۔ آنحضرت ﷺ کے مقابل پر کسی کا اللہ تعالیٰ سے تعلق لایا ہی نہیں جا سکتا۔ آپؐ فرماتے ہیں کہ نماز میں بچے کے رونے کی آواز سن کر مَیں نماز کو مختصر کر دیتا ہوں تو باقی لوگ کیسے اتنی محویت کا دعویٰ کر سکتے ہیں۔

حضور نے اپنے خطاب کے اصل موضوع کی طرف واپس لوٹتے ہوئے فرمایا کہ بہرحال اللہ کے دین کا پیغام پہنچانے والا وہی کامیاب ہے جو اعمال صالحہ بجالانے والا ہوگا اور کامل فرمانبردار ہوگا۔

حضور نے فرمایا کہ خدام کے عہد میں ہم احمدیت کی خاطر جان، مال، وقت اور عزت کو قربان کرنے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ پھر 27 مئی کو خلافت جوبلی کے دن بھی مَیں نے ایک عہد لیا کہ احمدیت کو دنیا کے کناروں تک پہنچائیں گے اور خلافت کے استحکام کے لئے آخری وقت تک جدوجہد کرتے رہیں گے۔

حضور نے فرمایا کہ جس طرح اس عہد کو پورا کرنے کے لئے دنیا کے مختلف ممالک سے عورتوں مردوں، جوانوں کی طرف سے خط آرہے ہیں اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ جماعت کی ایک بڑی تعداد اس احساس کو اپنے دل میں قائم رکھے ہوئے ہے کہ ہم نے اپنا عہد نبھانا ہے۔ اس کے لئے خود بھی دعا کرتے ہیں اور مجھے بھی لکھتے ہیں۔ لیکن اس کے لئے ہم میں سے ہر ایک کو اپنے اعمال کی طرف توجہ دینی ہوگی۔

حضور نے فرمایا کہ اعمال صالحہ کی ایک لمبی فہرست ہے جو قرآن کریم میں ہے۔ پس اس کی اہمیت کو پیش نظر رکھیں اور ان کو تلاش کریں۔ حضور نے فرمایا کہ میری نماز والی مثال سے کوئی بہانہ جُو یہ نتیجہ نہ نکال لے کہ اگر ہم انسانیت کی خدمت کر رہے ہیں یا جماعت کا کام کر رہے ہیں، مصروف ہیں تو نمازیں معاف ہوگئیں۔

حضور نے فرمایا کہ نیک بندوں کے حق ادا کرنا بھی عبادت ہے لیکن اللہ کا حق ادا کرنا بہت بڑی عبادت ہے۔ جو مثال مَیں نے دی تھی کہ ضرورتمند کی فوری ضرورت پوری کر کے پھر اللہ کے اس فرض کی طرف لوٹ آؤ جو عبادت ہے، جو انسان کی پیدائش کا مقصد ہے کہ خدا کے بتائے ہوئے طریق کے مطابق اس کی عبادت کی جائے اور یہی حقیقی کامیابی کا راز ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ایک مومن اس بات کا اعلان کرے کہ مَیں کامل فرمانبردار ہوں اور فرمانبرداری تب کامل ہوتی ہے جب اللہ تعالیٰ کے احکامات پر عمل کیا جائے۔ وہ احکامات سینکڑوں میں ہیں۔ پس یہ ایک اصولی بات ہے کہ تم دعوت الی اللہ صحیح طور پر اس صورت میں پہنچا سکتے ہو جب تمہارے اپنے نمونے ایسے ہوں کہ تمہاری ذات بھی دین کے صحیح نمونے پیش کر رہی ہو۔ ہر دیکھنے والے کو نظر آئے کہ یہ احمدی نوجوان اپنے دین کے بارہ میں جو کہتا ہے اس پر عمل کر کے بھی دکھاتا ہے۔ گویا دین حق اس زمانے میں بھی ایسا دین نہیں ہے جس پر عمل نہ کیا جائے۔ حضور انور نے اس کی مثال دیتے ہوئے فرمایا کہ مثلاً اگر کوئی کسی کے منہ پر طمانچہ مارے تو وہ اتنا مغلوب الغضب نہ ہو کہ اپنا گروپ اکٹھا کر کے دوسرے کی پٹائی کئے بغیر اسے سکون نہ آئے۔ یا ذرا ذرا سی بات پر چاقو چھریاں نکال لیں جیسے یہاں سکولوں میں رَو چل پڑی ہے اور ذرا سے اختلاف پر دوسروں سے لڑائیاں ہوتی ہیں۔ ایک دوسرے کو شدید زخمی بھی کر دیتے ہیں بعض دفعہ موت تک نوبت آجاتی ہے۔ اس طرح کے بدلے لینے سے بھی دین حق نے منع کیا ہے۔

حضور نے فرمایا کہ دین حق کی یہ تعلیم بھی نہیں ہے کہ اگر کوئی تمہارے ایک گال پر تھپّڑ مارے تو دوسرا آگے کر دو۔ یہ بھی فطرت کے خلاف تعلیم ہے۔

حضور ایدہ اللہ نے فرمایا کہ دین حق میانہ روی کی اور درمیانے راستہ کو اختیار کرنے کی تعلیم دیتا ہے۔

دین حق کا مقصد معاشرے کی اصلاح ہے۔اس لئے اللہ نے فرمایا کہ اگر کسی کی غلط حرکت پر اسے سزا دینے سے اس کی اصلاح ہوسکتی ہے تو سزا دو لیکن اگر معاف کرنے سے اصلاح ہوتی ہے تو معاف کر دو۔لیکن سزا میں بھی یہ اصول پیش نظر رہے کہ معاشرے کے امن کو برباد نہیں کرنا۔قانون کو اپنے ہاتھ میں نہیں لو۔اگر خود بدلے لینے شروع کر دیئے تو یہ معاملہ آگے چل نکلے گا۔

صبر اور حوصلہ دکھانا انتہائی ضروری ہے۔اگر صبر اور حوصلہ نہیں ہوگا اور بدلے لینے شروع ہو جائیں گے تو ہم بجائے امن کے علمبردار ہونے کے، معاشرے میں امن قائم کرنے کے، معاشرے کا امن تباہ کرنے والے کہلائیں گے اور اس سے کبھی وہ نیک پیغام جس کو اس ملک کے ہر فرد تک پہنچانا ہماری ذمہ داری ہے اسے پورا نہیں کرسکیں گے۔

حضور نے فرمایا کہ اگر اپنے عمل اچھے نہیں ہوں گے تو جس کو دعوت الی اللہ کریں گے وہ کہے گا کہ تمہارے دین نے تمہارے اندر کیا تبدیلی کی ہے اور تمہارے اندر وہ کیا چیز ہے جو ہم میں نہیں۔

حضور نے فرمایا کہ ہر نوجوان اس طرف توجہ دے کہ مَیں دین حق واحمدیت کے لئے کیا کرسکتا ہوں۔ کون سی ایسی خدمت کرسکتا ہوں جس سے مَیں اللہ کے پیار کو حاصل کرنے والا بن جاؤں اور اپنے عہدوں کو پورا کرنے والا بن سکوں۔

حضور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ امانت کا حق ادا کرو۔امانت کی بھی کئی قسمیں ہیں۔ایک روپیہ پیسہ ہے جو کسی کے پاس رکھوایا جاتا ہے۔ پھر ایک امانت ہے جو آپ کے پاس آپ کے دین کی صورت میں ہے اس کا حق کیسے ادا کرنا ہے۔حضور نے فرمایا کہ اللہ کے فرائض میں عبادت اور نمازیں ہیں تو وقت پر ادا کرنی ہیں۔ مالی قربانی شرح کے مطابق کرنی ہے۔ اسی طرح طالبعلم اپنے وقت کو صحیح مصرف میں لاکر تعلیم کے لئے وقت دے۔ایک احمدی طالبعلم کو امانت کا حق ادا کرتے ہوئے تعلیم پر پورا وقت دینا چاہئے۔ جامعہ کے طلباء ہیں وہ اپنی تعلیم کی طرف توجہ دیں۔ ان کی دوسری ہر مصروفیت سے زیادہ اہم ان کی تعلیم ہے۔اگر اس طرف توجہ نہیں دے رہے تو دوسروں کو نصیحت کس طرح کرسکتے ہیں۔

حضور نے فرمایا کہ اسی طرح کاروباری آدمی کا، ملازمت پیشہ کا، طالبعلم کا، دوسرے کام کرنے والوں کا امانت کا ایک دائرہ ہے۔ جب تک اپنے اپنے دائرہ میں ہر احمدی اپنی امانتوں کی ادائیگی کی طرف توجہ نہیں دے گا اس کا عمل، عمل صالح نہیں ہوسکتا اور نہ ہی اس کی فرمانبرداری کامل فرمانبرداری کہلاسکتی ہے۔

حضور نے فرمایا کہ پھر مثلاً اب شوریٰ ہونی ہے۔ اگر ہر کام میں دیانتداری سے رائے نہیں دیں گے تو امانت کا حق ادا نہیں ہوگا۔

پھر اللہ کا حکم ہے کہ عاجزی اختیار کرو۔کسی کو نہ اپنے علم پر تکبر ہونا چاہئے، نہ ہنر پر، نہ دولت پر۔ یہ عاجزی ہی ہے جو انسان کو خدا کے قریب کرتی ہے۔

پھر حسن ظنی ہے۔آپس میں بہت سے دوستوں کے تعلقات اس لئے خراب ہو جاتے ہیں کہ بدظنی راہ پانے لگتی ہے۔

پھر یہاں کے معاشرہ کے زیر اثر ایک بہت بڑی بیماری غض بصر کا نہ ہونا ہے۔اپنی آنکھوں کو بُری چیز سے بچانا۔حضور نے فرمایا کہ اس معاشرہ میں غض بصر صرف یہی نہیں کہ راہ چلتی ہوئی عورتوں کو نہیں دیکھنا بلکہ ٹی وی، انٹرنیٹ کے بعض پروگرام ہیں جو دیکھنے والے نہیں ہوتے۔

حضور انور نے فرمایا کہ خدام الاحمدیہ کو چاہئے کہ ایسے پروگرام بنائے جائیں کہ اپنے خدام کو اتنا مصروف رکھیں کہ وہ اس قسم کے بیہودہ پروگراموں کی طرف متوجہ ہونے کی بجائے تعمیری کاموں کی طرف توجہ دیں۔ جہاں وہ اس طرح برائیوں سے بچیں گے وہاں اپنے گھروں کو بھی سجانے والے ہوں گے۔

حضور انور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مسیح موعود کی جماعت میں شامل کر کے ہمیں جس انعام سے نوازا ہے اس کی قدر کرنا ہمارا فرض ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ اس مغربی معاشرہ میں نوجوان بگڑ رہے ہیں۔کوئی انگریزوں کا ٹولہ ہے، کوئی افریقنوں کا ٹولہ ہے، کہیں ایشین نے کوئی ٹولے بنائے ہوئے ہیں۔کہیں ایک مزاج کے لوگوں نے ٹولے بنائے ہوئے ہیں۔ کہیں مومنوں کے بعض گروپ ہیں جو بعض حرکتیں کر کے دین حق کا غلط تصور دنیا کے سامنے رکھتے ہیں۔ان میں برطانیہ کے لڑکے بھی شامل ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ احمدی نوجوانوں کا کام ہے کہ ایسے غلط اثر کو زائل کریں۔اس کے لئے جہاں اعلیٰ اخلاق کے اظہار کی ضرورت ہے جس میں تمام قسم کی نیکیاں اور اللہ اور اس کے بندوں کے حقوق ادا کرنا شامل ہے وہاں ظاہری حالتوں کو بھی ایسا رکھنا ضروری ہے کہ ہر احمدی خادم شکل سے ہی سلجھا ہوا نظر آئے۔ ظاہری لباس وغیرہ بھی مناسب ہو۔حضور نے فرمایا کہ بعض نے عجیب وغریب قسم کے بال کٹوا کر یا ان پر بعض کریمیں اور Gel لگا کر عجیب حلیہ بنایا ہوتا ہے۔ عید پر بھی تیار ہو کر نماز کے لئے آتے ہیں لیکن ٹوپی اس لئے نہیں لیتی کہ فیشن نہ خراب ہو جائے۔حضور نے فرمایا کہ ٹوپی کے بغیر نماز پڑھی جاسکتی ہے لیکن اگر کوئی مجبوری ہو۔اگر Gel اور کریمیں خریدنے کے لئے پیسے ہیں تو ٹوپی بھی خریدی جاسکتی ہے۔

حضور نے فرمایا کہ یہ تمام چھوٹی چھوٹی باتیں ہیں۔یہ اس لئے بتائی ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی طرف بلانے والوں کے مزاج بھی اور ظاہری حالتیں بھی ایسی ہونی چاہئیں کہ دیکھنے والے کے دل پر اثر کریں۔

حضور نے فرمایا کہ اگر اس معاشرہ میں بعض لوگ سمجھتے ہیں کہ مومنوں کے بعض خاص قسم کے لباس ہیں جن کے بغیر گزارہ نہیں ہوسکتا تو یہ لباس کوئی شرط نہیں۔ لباس اچھا ہونا چاہئے۔تن ڈھانپنے کے لئے ہونا چاہئے۔عمل صالح یہ ہے کہ لباس ایسا ہو جس سے لوگ خوفزدہ نہ ہوں۔ان میں سموئے جانے کے لئے یا ان کو اپنا پیغام پہنچانے کے لئے اچھا لباس ہو، Sober نظر آتے ہوں۔لیکن اگر یہ خیال ہو جائے کسی کا کہ ان میں گھلنے ملنے کے لئے ہم نیکر اور بنیان پہن کر پھر رہے ہیں تو یہ لباس کھیلنے کے لئے تو ٹھیک ہے لیکن عام حالت میں نہیں۔ ہمارے نوجوان جنہوں نے پانچ وقت نمازیں پڑھنی ہیں ان کو وہی لباس پسند آئیں گے جو ہر وقت کام آسکتے ہیں۔تو لباس کا صحیح استعمال ہو جس سے نہ مقامی لوگوں میں کھچاوٹ پیدا ہو اور نہ ایسا ہو کہ جس سے فرق ہی نہ نظر آئے کہ ایک بازاری گلی کے لڑکے میں اور ایک احمدی لڑکے میں کیا فرق ہے۔تو دونوں طرف کا خیال رکھنا چاہئے تب ہی عمل صالح کہلائے گا۔اس لئے نہ ہی لباس میں اتنے شدت پسند ہوں کہ یہ کہنے لگ جائیں کہ اگر فلاں لباس نہ ہو تو نماز نہیں ہوسکتی اور نہ ہی ایسا لباس کہ عجیب وغریب حلیہ ہو۔ ہمیشہ یاد رکھیں کہ آپ کا ہر کام اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لئے اور اس کے دین کی سربلندی کے لئے ہونا چاہئے۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے خطاب میں مزید فرمایا کہ نظام جماعت کی مکمل فرمانبرداری ہوگی تو آپ کے ذریعہ سے احمدی ہونے والے بھی نظام جماعت کے پابند ہوں گے۔خلافت سے مکمل وفا کا تعلق ہوگا تو جہاں یہ تعلق آپ کی تربیت میں اہم کردار ادا کرے گا وہاں آپ کے ذریعہ سے ہونے والے احمدی بھی اس انعام کی قدر کرنے والے ہوں گے۔

حضور انور نے فرمایا کہ جہاں جماعت کے ہر فرد کے لئے ضروری ہے وہاں مَیں نوجوانوں سے بھی خاص طور پر کہتا ہوں کہ نیکی، تقویٰ، عبادت کی طرف توجہ دیں۔ دیانت اور امانت کا حق ادا کرنے کی طرف توجہ دیں۔ سچائی پر ہمیشہ قائم ہونے اور اس کے ہر وقت اظہار کے لئے تیار رہنے کی کوشش کریں۔

حضور نے سچائی اور انصاف کے تقاضوں کو پورا کرنے کی طرف توجہ دلاتے ہوئے فرمایا کہ سچائی کا معیار ایسا ہو کہ اگر جان کا بھی خطرہ ہو تو سچائی کا دامن نہ چھوڑیں۔ جان چلی جائے تو چلی جائے لیکن جھوٹ قریب نہ آئے۔بہت سے نوجوانوں میں بعض برائیاں اس لئے پیدا ہوتی ہیں کہ گھروں میں جب ماں باپ پوچھتے ہیں تو جھوٹی سچی کہانیاں سنا دیتے ہیں۔

حضور نے فرمایا کہ ہمیشہ یاد رکھیں کہ نوجوان ہی ہیں جو قوموں کی حفاظت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔نوجوان ہی ہیں کہ اگر وہ مکمل طور پر اپنے دین اور نظریات پر قائم ہوں تو دنیا میں انقلاب لانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ پس اپنی ذمہ داریوں کو سمجھیں اور احمدیت کے پیغام کو اپنے اپنے حلقہ میں صحیح رنگ میں پہنچانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

حضور نے تعلیم حاصل کرنے والے طلباء سے فرمایا کہ آئندہ ہماری ترقی تعلیمی میدان میں آگے بڑھنے پر ہی منحصر ہے۔خاص طور پر ان مغربی ممالک میں۔حضور نے فرمایا کہ ہمارے طالبعلم خاص طور پر ریسرچ کے میدان میں، سائنس ٹیکنالوجی کے میدان میں آگے آئیں۔ یہ ایک ایسا ذریعہ ہے جس سے آپ یورپ میں اپنے قدم جما سکتے ہیں۔اگر مغرب کی کسی چیز کو اپنانا ہے تو یہاں جو ریسرچ کی سہولت میسر ہے اس سے بھرپور فائدہ اٹھانے کی کوشش کریں اور اپنی ذہنی صلاحیتیں قرآن کریم کی تعلیم کی روشنی میں چمکانے کی کوشش کریں۔ یہی ذریعہ دین حق کے تعارف اور دعوت الی اللہ میں کام کرے گا۔

حضور انور نے فرمایا کہ پس ہر میدان میں کام کرنے والے اور پڑھنے والے کو اپنے اپنے حلقہ میں نئے نئے راستے دین حق کا پیغام پہنچانے کے لئے خود تلاش کرنے ہوں گے بشرطیکہ آپ کے ذہن اس طرف مائل ہو جائیں اور سوچیں اور اپنے عمل بھی اس کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کریں۔

حضور انور نے 27 رمئی والے عہد کی طرف توجہ دلاتے ہوئے فرمایا کہ اس عہد کے تحت صرف وقتی جوش کے تحت جذبات کا اظہار نہیں ہونا چاہئے۔

حضور نے فرمایا: پس کامل اطاعت اور فرمانبرداری سے اس عہد کو پورا کرنے کے لئے نئے عزم سے کوشش کریں اور ایسی مثالیں قائم کریں جو آئندہ آنے والوں کے لئے نمونہ بن جائیں۔

اہم نصائح پر مشتمل اس نہایت پُرمغز خطاب کے بعد حضور انور ایدہ اللہ نے ہاتھ اٹھا کر اجتماعی دعا کروائی اور اس کے ساتھ اجتماع اپنے اختتام کو پہنچا۔

(الفضل انٹرنیشنل 19 دسمبر 2008ء)

میرا دل صاف ہے

تحریک جدید کے آغاز کے وقت حضرت مصلح موعود نے بھائیوں سے صلح کرنے اور یکجان ہونے کا ارشاد فرمایا۔اس حکم کا ذکر کرتے ہوئے حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:

جس وقت میں نے جماعت کے لئے یہ حکم تجویز کیا' اس وقت سب سے پہلے میں نے اللہ تعالیٰ سے کہا کہ اے خدا میرا دل صاف ہے اور مجھے کسی سے بغض و کینہ یا رنجش نہیں سوائے ان کے جن سے ناراضگی کا تو نے حکم دیا ہے لیکن اگر میرے علم کے بغیر کسی شخص کا بغض یا اس کی نفرت میرے دل کے کسی گوشہ میں ہو' تو الٰہی میں اسے اپنے دل سے نکالتا ہوں اور تجھ سے معافی اور مدد طلب کرتا ہوں۔مگر میرا دل گواہی دیتا ہے کہ میں نے کبھی کسی شخص سے بغض نہیں رکھا بلکہ شدید دشمنوں کے متعلق بھی میرے دل میں کبھی کینہ پیدا نہیں ہوا۔ہاں ایک قوم ہے جس کو میں مستثنیٰ کرتا ہوں اور وہ منافقین کی جماعت ہے۔مگر منافقین کا قطع کرنا یا انہیں جماعت سے نکالنا یہ میرا کام ہے تمہارا نہیں۔ جس کو میں منافق قرار دوں اس کے متعلق جماعت کا فرض ہے کہ اس سے بچے لیکن جب تک میں کسی کو جماعت سے نہیں نکالتا' تمہیں ہر ایک شخص سے صلح اور محبت رکھنی چاہئے اور آپس میں بھائی بھائی بن کر رہنا چاہئے۔

(خطبات محمود جلد 15 ص 372)

تحریر: PAUL VALLELY .... ترجمہ ابوشاہد

مسلمانوں کی عظیم الشان ایجادات

کافی Coffee سے لے کر بینک کے چیک اور تین کورس کے ڈنر تک اسلامی دنیا نے ہمیں بہت سی ایجادات دی ہیں جنہیں اہل مغرب روزمرہ کی چیز خیال کرتے ہیں۔ اس مضمون میں ہم ان کی 20 اہم ایجادات کا ذکر کرتے ہیں۔

کافی (Coffee)

کہانی مشہور ہے کہ مغربی ایتھوپیا کے کافا کے علاقہ میں ایک عرب جس کا نام خالد تھا اپنی بکریاں چرا رہا تھا۔ اس نے محسوس کیا کہ اس کی بکریاں ایک مخصوص پودے کے بیر کھا کر انتہائی چاک وچوبند ہو گئیں۔ اس نے ان بیروں کو ابال کر پہلی کافی تیار کی۔ یہ بات وثوق سے کہی جاسکتی ہے کی کافی کے پہلے Beans دانے ایتھوپیا سے پہلی بار یمن پہنچے جہاں صوفیوں نے خاص موقعوں پر عبادت کے لئے جاگتے رہنے کے لئے ان سے تیارہ کردہ کافی پینے کی رسم ایجاد کی۔ پندرہویں صدی کے آخر میں کافی مکہ مکرمہ اور ترکی میں جاپہنچی جہاں سے 1645ء میں یہ وینس میں داخل ہوئی۔ 1650ء میں ایک ترک باشندہ نامی لپسکا روزے اسے لندن میں لے آئے جہاں اس نے لومبارڈ اسٹریٹ میں کافی ہاؤس قائم کیا۔ عرب میں ''قہوہ'' ترکی میں ''قہوئے'' اور اٹلی میں ''کیفے'' اور انگریزی میں یہ مشروب ''کافی'' کہلایا۔

کیمرہ

قدیم یونانی سمجھتے تھے کہ ہماری آنکھیں لیزر جیسی شعاعیں خارج کرتی ہیں جس کی بدولت ہم دیکھ سکنے کے قابل ہوتے ہیں۔ پہلا شخص جس نے یہ دریافت کیا کہ روشنی ہماری آنکھوں میں باہر سے داخل ہوتی ہے اور خارج نہیں ہوتی وہ دسویں صدی کا ایک مسلمان ماہر ریاضی، ماہر نجوم اور ماہر طبیعات ابن الہاشم تھے۔ ابن ہاشم نے کیمرہ ایجاد کیا۔ کیمرہ میں ایک ''پن ہول'' میں سے روشنی شٹر کی کھڑکی میں داخل ہوتی تھی۔ سوراخ جتنا چھوٹا ہوتا تصویر اتنی ہی بہتر ہوتی۔ لفظ کیمرہ عربی لفظ ''کامرا'' سے ماخوذ ہے۔ جس کا مطلب (اندھیرا یا پرائیویٹ کمرہ ہے) ابن ہاشم پہلے شخص تھے جنہوں نے طبیعات کو فلسفہ سے علیحدہ کیا اور تجربات کی ڈگر پڑ ڈالا۔

شطرنج

ہندوستان میں ایک قسم کی شطرنج کھیلی جاتی تھی۔ لیکن اس کھیل کو موجودہ حالت میں اہل فارس نے پہنچایا۔ پھر یہ کھیل یورپ میں گیا جہاں سے دسویں صدی میں مور مسلمانوں نے سپین میں پہنچایا Rook کا لفظ فارسی ''رخ'' کا متبادل ہے۔

پیراشوٹ اور ہوائی جہاز

رائٹ برادرز کے تجربات سے ایک ہزار سال قبل ایک مسلمان شاعر، نجومی، موسیقار اور انجینئر جس کا نام باس مابن فرتاس تھا نے ایک اڑنے والی مشین بنانے کے تجربات کئے۔ 852ء میں اس نے ایک ڈھیلا ڈھالا لباس بنایا جس کو لکڑی کے ٹکڑوں سے مضبوط کیا گیا تھا۔ اسے پہن کر اس نے مسجد قرطبہ کے بلند مینار سے چھلانگ لگائی۔ اس کا خیال تھا کہ وہ پرندے کی مانند فضا میں آہستہ آہستہ اُڑ سکے گا لیکن ایسا نہیں ہوا۔ اس لباس نے اس کے گرنے کی رفتار بہت کم کر دی اور معمولی چوٹ کے بعد وہ محفوظ رہا۔ اس طرح یہ پہلا پیراشوٹ قرار پایا۔ 857ء میں اس نے ریشمی کپڑے اور عقاب کے پروں سے ایک مشین تیار کی اور ایک پہاڑ سے کودا۔ وہ خاص بلندی تک اڑا اور اس دس منٹ تک پرواز کرنے کے بعد اس نے کریش لینڈنگ کی۔ جس سے اس نے یہ معلوم کرلیا کہ اگر مشین میں دم لگادی جاتی تو وہ آرام سے اتر سکتا تھا۔ اس کے نام پر بغداد ایئرپورٹ کا نام رکھا گیا۔ اس طرح چاند کا ایک جوالا مکھی بھی اس کے نام سے موسوم ہوا۔

صابن/شیمپو

نہانا دھونا مسلمانوں کی مذہبی ضرورت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے صابن کا نسخہ ایجاد کیا۔ جو کہ آج بھی استعمال میں ہے۔ اگرچہ پرانے مصریوں اور رومیوں میں ایک خاص قسم کا صابن موجود تھا جو کہ دراصل پومیڈ کی طرح استعمال ہوتا تھا۔ لیکن یہ عرب ہی تھے جنہوں نے ویجی ٹیبل آئل۔ سوڈیم ہائیڈرو اکسائیڈ اور خوشبودار مصالحوں کو ملا کر موجودہ نہانے کا صابن کا تیار کیا۔ ایک مسلمان جس کا نام محمد تھا نے لندن میں شیمپو متعارف کرایا۔ 1759ء میں اس نے برائٹن کے ساحل سمندر پر نہانے کے حمام قائم کئے۔ 1750ء میں محمد شاہ جارج چہارم اور ولیم چہارم کا شیمپو سرجن مقرر کیا گیا۔

عمل تقطیر

جس کے ذریعہ مائع اشیاء کو ان کے نقطہ تبخیر کی بنا پر ایک دوسرے سے علیحدہ کیا جاتا ہے۔ 800ء میں بہت بڑے مسلمان سائنس دان جابر بن حیان نے دریافت کیا۔ انہوں نے بہت سے بنیادی طریقے دریافت کئے اور ان کے لئے سامان بھی ایجاد کیا یہ طریقے یعنی مائع بنانے کا عمل، قلم بنانے کا طریق، اور عمل تبخیر آج بھی استعمال میں ہیں۔ اس کے علاوہ انہوں نے سلفیورک اور نائٹرک ایسڈ بھی دریافت کئے۔ انہوں نے عرق گلاب اور دیگر خوشبوئیں بھی تیار کیں۔ سپرٹ اور الکحل بھی بنایا اور تجربات کو بااصول بناکر جدید کیمسٹری کا بانی کہلایا۔

کرینک شافٹ

(Crank Shaft)

ایک ایسی ایجاد ہے جو محوری گردش کو ایک سیدھی حرکت میں تبدیل کرتی ہے اور اس کی وجہ سے ترقی یافتہ دنیا کی مشینری میں انقلاب برپا ہوا۔ یہ حیرت انگیز ایجاد ایک انتہائی ذہین اور قابل مسلمان انجینئر الجزری کی کاوشوں کا ثمرہ ہے۔ اس کی کتاب Book of Ingenious Mechanical Devices (1206) بتاتی ہے کہ اس نے والو Valves اور Pistons مکینیکل گھڑیاں جو پانی اور وزن سے چلتی تھیں اور وہ انسانی شکل میں نظر آنے والی مشین روبوٹ کا بھی موجد تھا اور اسی نے Combination Lock بھی ایجاد کیا۔

Quiliting

کپڑے کے دو ٹکڑوں کے درمیان روئی یا کوئی اور چیز بھر کر سینا۔ غالباً ہندوستان اور چائنہ سے آیا۔ لیکن یہ عمل یورپ میں صلیبی جنگوں کے دوران مسلمانوں کے ذریعہ روشناس ہوا اور اس سے انگلستان اور ہالینڈ کے سرد ممالک میں گھریلو صنعت کاری رواج پائی۔

آرکیٹیکچر

نوکدار محراب جو یورپین طرز تعمیر کا حصہ ہے اور جو گرجا گھروں کی تعمیر میں نمایاں ہے۔ وہ بھی مسلمانوں نے یورپ کو دیا۔ اس کے علاوہ Dome Building' Rose Windows وغیرہ وغیرہ بھی اسلامی آرکیٹیکچر کا حصہ ہے۔ یورپ کے محلات بنانے میں بھی اسلامی طرز تعمیر کا حصہ ہے۔ ہنری ہنجم کے محل کا آرکیٹیکٹ بھی ایک مسلمان تھا۔

سرجیکل اوزار

بے شمار سرجیکل اوزار جو آج کل دنیا میں زیر استعمال ہیں۔ انہیں دسویں صدی میں ایک مسلمان سرجن ''ال زہروی'' نے ایجاد کیا۔ اس نے 200 کے قریب اوزار ایجاد کئے جو آج ساری دنیا میں سرجن استعمال میں لاتے ہیں۔ اسی نے زخموں کو سینے والا دھاگہ جو ٹانکے لگانے کے کام آتا ہے دریافت کیا۔ تیرھویں صدی میں ایک اور مسلم ڈاکٹر ابن نفیس نے دوران خون کا عمل دریافت کیا۔ اس کے 300 سال بعد ولیم ہاروے نے اسے باقاعدہ شکل دی۔

بیہوش کرنے کی دوا

(Anaesthesia)

(آپریشن سے پہلے بے ہوشی کا عمل) اسی کی دریافت ہے۔

ہوائی چکی

634ء میں ایک ایرانی خلیفہ نے ہوائی چکی ایجاد کی جو آٹا پینے اور زراعت کے لئے پانی نکالنے کے لئے استعمال ہوتی تھی۔ اس کے 500 سال بعد یورپ میں پہلی ہوائی چکی (Wind Mill) قائم ہوئی۔

حفاظتی ٹیکے

حفاظتی ٹیکوں کی دریافت جیز اور لوئی پاسچر Jenner & Pastevr نے نہیں کی تھی۔ بلکہ 1724ء میں اس کی ابتداء مسلمانوں نے کی۔ ترکی میں بچوں کو حفاظتی ٹیکے لگائے جاتے تھے اور وہاں کے انگریز سفارت کار کی بیوی اسے انگلستان میں لائی مغرب میں رائج ہونے کے 500 سال قبل اس کی ابتداء ہو چکی تھی۔

فونٹین پن

953ء میں مصر کے شہنشاہ کی خواہش پر کہ ایسا قلم ایجاد کیا جائے جو ہاتھوں اور کپڑوں پر سیاہی کے دھبے نہ لگائے۔ سیاہی قلم کے اندر ذخیرہ ہو اور پھر وہ کشش ثقل اور Capillary Action کے ساتھ نب تک پہنچے۔

اعداد

ہندسوں کا طریق کار جو کہ تمام دنیا میں رائج ہے غالباً ہندوستان سے آیا ہے۔ لیکن جو پہلی کتاب شائع ہوئی۔ وہ مسلمان ریاضی دان الخوارزمی اور الکندی نے 825ء میں ترتیب دی۔ الجبراء کا نام الخوارزمی کی کتاب ''الجبر والمقابلہ'' کی کتاب پر رکھا گیا۔ اس کتاب کے اکثر مندرجات ابھی استعمال میں ہیں۔ مسلمان ریاضی دانوں کا کام تین سو سال بعد اطالوی ریاضی دان فیبو ناسی Fibonacci نے یورپ میں درآمد کیا۔ ٹرگنومیٹری بھی اسلامی دنیا سے آئی۔ الکندی کی Frequency کی تھیوری کی دریافت نے تمام دنیا کے خفیہ کوڈز کو قابل حل بنا دیا اور انہوں نے ہی جدید Cryptography کی بنیاد رکھی۔

تین کورس کا ڈنر

نویں صدی میں علی ابن نافی جس کا دوسرا نام زریاب تھا۔ عراق سے قرطبہ آیا اور ''تین کورس ڈنر'' کا تصور اپنے ساتھ لایا۔ یعنی پہلے سوپ، اس کے بعد گوشت یا مچھلی اور پھر پھل اور خشک میوہ جات اس نے کرسٹل کے گلاس بھی رائج کئے جو کہ عباس ابن

فرانس نے تجربات کے بعد ایجاد کئے تھے۔

قالین

پرانے مسلمان قالینوں کو جنت کا حصہ سمجھتے تھے۔ ترقی یافتہ بنائی کے فن کی بدولت اعلیٰ کیمسٹری اور عمدہ نمونوں کی وجہ سے اس اسلامی فن کی بنیاد مضبوط ہوئی۔ اس کے برعکس یورپ کے فرش بالکل زمینی تھے۔ بعد میں ایرانی اور عربی قالین استعمال میں لائے گئے۔

جدید بینک چیک

عربی ''ساق'' کے نام پر ہے۔ ساق'' میں یہ وعدہ درج تھا کہ موصول ہونے پر رقم ادا کر دی جائے گی۔ نویں صدی میں ایک مسلم تاجر اپنا چیک چین میں کیش کرا سکتا تھا۔ اگرچہ اس کا بینک بغداد میں ہوتا تھا۔

زمین گول ہے

نویں صدی میں تمام مسلمان عالم وفاضل مکمل یقین رکھتے تھے کہ زمین گول ہے۔ اس کے ثبوت میں نجوم دان ابن حزم نے یہ ثبوت پیش کیا کہ سورج ہمیشہ زمین کے ایک خاص نقطہ پر زمین پر عمودی زاویہ قائم کرتا ہے۔ یہ گلیلیو کی دریافت سے 500 برس پہلے کی بات ہے مسلم اہل نجوم کا حساب کتاب اتنا صحیح تھا کہ انہوں نے زمین کا قطر 40253.4 کلو میٹر بتایا۔ یہ آج کے دریافت کردہ قطر سے صرف 200 کلو میٹر سے بھی کم فرق رکھتا ہے۔ الی ادریسی نے ایک گلوب پر دنیا کا نقشہ بنا کر سسلی کے بادشاہ راجر کے دربار میں 1139ء میں پیش کیا۔

بارود

اگرچہ اہل چین نے گن پوڈر ایجاد کیا۔ اور اسے آتش بازی کے لئے استعمال کرتے تھے۔ لیکن یہ عرب ہی تھے جنہوں نے اسے پوٹاشیم نائٹریٹ کے استعمال سے صاف کیا اور اسے فوجی استعمال کے قابل بنایا۔ صلیبی جنگوں کے درمیان آگ لگانے والے آلات کی وجہ سے مسلمانوں نے اپنے دشمنوں کو بہت خوف زدہ کیا۔ پندرھویں صدی میں مسلمانوں نے راکٹ اور تارپیڈو بھی دریافت کر لیا۔ تارپیڈو ایک ناشپاتی کی شکل کا بم تھا جس کے آگے ایک تیز برچھی لگی ہوئی تھی۔ جو جہاز کے اندر داخل ہو کر پھٹ کر دشمن کے جہاز کو برباد کر دیتی تھی۔

باغات

عظمی وسطی کے یورپ میں کچن گارڈن اور جڑی بوٹیوں کے باغات ہوتے تھے۔ لیکن ایک عرب نے باغات کا موجودہ تصور پیش کیا جس میں خوبصورتی اور تفریح مہیا کرنا مقصود تھا۔ ایسے باغات مسلم سپین میں گیارہویں صدی میں بنائے گئے اور مسلمان باغات سے پھول لا کر ان باغوں میں لگائے گئے۔ ان پھولوں میں کارنیشن اور ٹیولپ بھی شامل تھے۔

☆☆☆

مکرم مظفر احمد درانی صاحب

مکرم ملک رفیق احمد سعید صاحب سابق مربی سلسلہ تنزانیہ

1992ء میں جب خاکسار کا تقرر کینیا کے لئے منظور ہوا تو خاکسار کو وکالت تبشیر ربوہ کی طرف سے ہدایت ہوئی کہ جو مربیان مشرقی افریقہ میں کام کر چکے ہیں ان سے مل کر وہاں کے حالات معلوم کروں۔ نیز وہاں کی زبان سواحیلی سیکھنے کی ذاتی طور پر کوشش کروں۔ چنانچہ زبان سیکھنے کے لئے کئی بزرگوں سے رابطہ کیا۔

جس محسن نے مجھے سواحیلی زبان کی بنیاد مہیا کی ان کا نام ملک رفیق احمد سعید صاحب تھا جو ایک لمبے عرصے تک تنزانیہ میں خدمت کی توفیق پا چکے تھے۔ اس وقت آپ نظارت اصلاح وارشاد کی طرف سے تحقیقی کام کے لئے خلافت لائبریری میں موجود ہوتے تھے۔ خاکسار بھی وہیں ان کے پاس لائبریری میں چلا جاتا۔ جہاں آپ مجھے مسلسل ایک ماہ تک روزانہ نصف گھنٹہ کے لئے سواحیلی زبان پڑھایا کرتے تھے۔ آپ نے مجھے اس طرح بنیادی قواعد وضوابط پڑھائے کہ جن کا مجھے بعد میں بہت فائدہ ہوا۔ اس لئے سواحیلی زبان میں میرے استاد اول مکرم مولانا ملک رفیق احمد سعید صاحب تھے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو سواحیلی زبان پر عبور بھی بخشا اور اسے دوسروں کو سکھانے کا ملکہ بھی عطا فرمایا تھا۔ مگر وہ نافع الناس وجود اب اپنے مولا کو پیارا ہو چکا ہے۔

خاکسار ربوہ سے 20 فروری 1993ء کو کینیا کے لئے روانہ ہوا اور وہاں سے مئی 1999ء میں تنزانیہ تقرری ہوئی۔ وہاں پہنچ کر ملک رفیق احمد سعید صاحب کی یاد پھر تازہ ہو گئی۔

حضرت مولانا شیخ مبارک احمد صاحب کے دور میں Songea صوبہ Ruvuma میں جماعت قائم ہوئی تھی 1970 کی دہائی میں مقامی جماعت کی طرف سے مربی کے لئے مطالبہ شروع ہوا۔ مکرم مولانا جمیل الرحمان رفیق صاحب امیر و مربی انچارج تنزانیہ تھے ان کی دعا اور درخواست کو پذیرائی حاصل ہوئی جب مرکز کی طرف سے 1974ء میں مکرم مولانا ملک رفیق احمد سعید صاحب کو تنزانیہ بھجوایا گیا۔ تو آپ کا تقرر Songea کر دیا گیا۔ جو جماعتی مرکز دارالسلام سے 1100 کلو میٹر دور علاقہ تھا۔ جہاں جانے کے لئے ریل تھی نہ پختہ سڑک۔ کچی سڑک کے ذریعہ پبلک ٹرانسپورٹ پر آنا جانا ہوتا تھا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی طرف سے آپ کو تنزانیہ روانگی کے لئے جو وقت دیا گیا انہی دنوں اللہ تعالیٰ نے آپ کو بیٹی سے نوازا تھا۔ آپ بغیر کسی عذر اور تاخیر کے تنزانیہ کے لئے روانہ ہو گئے۔ کئی سال بعد آپ کے اہل خانہ کو بھی آپ کے پاس بھجوا دیا گیا۔ آپ مختصر چھٹی کے وقفوں کے ساتھ تقریباً 14 سال تک تنزانیہ میں دین حق کی آواز بلند کرتے رہے۔ آپ بہت ہی نرمی، محبت اور سلجھے انداز میں اپنی دلیل قائم کرتے جو دلوں کو موہ لیا کرتی تھی۔

